نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت
رازداری کے طرز عمل کا نوٹس

مؤثر 24 اپریل، 2025

یہ نوٹس بیان کرتا ہے کہ آپ کے بارے میں طبی معلومات کا استعمال اور انکشاف کیسے کیا جا سکتا ہے اور یہ کہ آپ اس معلومات تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ براہ کرم اس کا بغور جائزہ لیں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو کلینک ڈائریکٹر یا سہولت گاہ کے/کی ہیلتھ سروسز مینیجر سے رابطہ کریں۔ آپ نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (محکمۂ صحت نیو یارک سٹی) کے چیف پرائیویسی آفیسر سے بھی 347-396-6007 پر یا privacyofficer@health.nyc.gov پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

صحت کی محفوظ معلومات (Protected health information, PHI) کسی شخص کی صحت سے متعلق وہ معلومات ہوتی ہے جو زبانی، تحریری یا الیکٹرانک طور پر شیئر کی جاتی ہے۔ ان میں عمومی معلومات (جیسے آپ کی عمر، پتہ، اور ای میل) اور آپ کی جسمانی یا ذہنی صحت کے بارے میں معلومات شامل ہوتی ہیں۔ PHI میں آپ کو دی گئی نگہداشت صحت کی خدمات اور ان خدمات کے لیے ادائیگی کے متعلق معلومات بھی شامل ہوتی ہیں۔ محکمہ صحت نیو یارک سٹی تمام متعلقہ قوانین، اصولوں اور ضوابط کی پیروی کرتے ہوئے PHI کی رازداری کا تحفظ کرتا ہے۔

یہ نوٹس آپ کو صحت بیمہ پورٹیبلٹی اینڈ اکاؤنٹبلٹی ایکٹ 1996 (Health Insurance Portability and Accountability Act of 1996, HIPAA) کے ایک حصے کے طور پر فراہم کیا گیا ہے۔ یہ نوٹس اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو کس طرح استعمال اور ظاہر (یا شیئر) کر سکتا ہے اور اس کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے۔ یہ نوٹس آپ کے حقوق اور آپ کی PHI کا استعمال اور اشتراک کرتے وقت محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی ذمہ داریوں کو بھی بیان کرتا ہے۔

یہ نوٹس کس کے لیے ہے
محکمہ صحت نیو یارک سٹی کو HIPAA کے تحت ایک "ہائبرڈ اینٹیٹی" (hybrid entity) سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ نگہداشت صحت کی خدمات اور عوامی صحت کی خدمات دونوں فراہم کرتا ہے۔ نگہداشت صحت کی خدمات HIPAA کے تحت احاطہ کردہ ہوتی ہیں، لیکن عوامی صحت کی خدمات نہیں۔

اس نوٹس کا اطلاق HIPAA کی احاطہ شدہ نگہداشت صحت کی خدمات پر ہوتا ہے۔ اس نوٹس میں بیان کردہ ذمہ داریاں محکمہ صحت نیو یارک سٹی کے ان تمام اہلکاروں کے لیے ہیں جو آپ کی PHI کا استعمال یا اشتراک کرتے ہیں۔

محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی ذمہ داریاں
قانون کے مطابق، محکمہ صحت نیو یارک سٹی کے کلینکس پر لازم ہے کہ:
- آپ کی PHI کو خفیہ اور محفوظ رکھیں
- آپ کی PHI کا استعمال اور اشتراک کرتے وقت آپ کو ہماری قانونی ذمہ داریوں اور رازداری کے طریقوں کے بارے میں مطلع کریں

رازداری کے قوانین
متعدد وفاقی، ریاستی اور سٹی کے رازداری کے قوانین PHI کے استعمال اور اشتراک پر مزید پابندیاں عائد کرتے ہیں۔ ان قوانین کا اطلاق نشے کے علاج، AIDS کی جانچ اور علاج، جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن کی جانچ اور علاج، ذہنی صحت کے علاج، تولیدی نگہداشت صحت، اسقاط حمل، صنف کی تصدیق کی نگہداشت اور امیگریشن پر ہوتا ہے۔
محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی پالیسیاں اور یہ نوٹس ان قوانین پر عمل کرتے ہیں۔ محدود مستثنیات کے ساتھ، ہم صرف کم از کم ضروری معلومات کا اشتراک کریں گے۔

محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کا استعمال اور اشتراک کیسے کر سکتا ہے

<u>کب محکمہ صحت نیو یارک سٹی پر آپ کی PHI کا اشتراک کرنا لازم ہوتا ہے</u>
قانون کے مطابق، محکمہ صحت نیو یارک سٹی کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کی PHI آپ کے ساتھ شیئر کرے، سوائے اس کے کہ نگہداشت صحت کا کوئی پیشہ ور ماہر یہ کہے کہ ایسا کرنا آپ کی صحت کے لیے نقصان دہ ہو گا۔

درخواست کیے جانے پر، شعبہ صحت نیو یارک سٹی کو لازمی طور پر آپ کی PHI کو امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کے سیکرٹری کے ساتھ بھی ان تحقیقات کے دوران شیئر کرنا ہو گا جو اس بارے میں ہوں کہ ہم آپ کی PHI کو تحفظ فراہم کرنے والے قوانین پر کس طرح عمل کرتے ہیں۔

<u>علاج</u>
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI، بشمول نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی سفارشات، کا آپ کو درکار علاج اور خدمات فراہم کرنے کے لیے استعمال یا شیئر کر سکتا ہے۔ ہم آپ کی نگہداشت میں شامل نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے ساتھ آپ کی PHI شیئر کر سکتے ہیں۔

<u>ادائیگی</u>
آپ کی PHI کو آپ کو فراہم کیے گئے علاج اور خدمات کا بل جاری کرنے اور ادائیگی وصول کرنے کے لیے حسبِ ضرورت استعمال کیا جائے گا۔ محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کے علاج کے بارے میں معلومات آپ کے ہیلتھ انشورنس پلان (بشمول Medicaid) یا کسی منظم نگہداشت کی تنظیم کو ادائیگی کی منظوری حاصل کرنے کے لیے شیئر کر سکتا ہے۔

<u>نگہداشت صحت کے آپریشنز</u>
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو ہماری نگہداشت صحت کی معمول کی کارروائیوں کے لیے استعمال اور شیئر کر سکتا ہے۔ نگہداشت صحت کا عملہ آپ کی PHI کو جو نگہداشت آپ نے لی اور آپ کی نگہداشت صحت کے نتائج کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کرے گا تاکہ اس کا دوسروں کے ساتھ موازنہ کیا جا سکے۔ مثال کے طور پر، آپ کی PHI کا جائزہ تربیت، رسک مینجمنٹ یا ہماری فراہم کردہ نگہداشت اور خدمات کے معیار اور تاثیر کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے لیا جا سکتا ہے۔

محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو تیسرے فریق کے کاروباری شراکت داروں کے ساتھ شیئر کرے گا جو ایجنسی کے لیے خدمات انجام دیتے ہیں، جیسے کہ بلنگ۔ کاروباری شراکت داروں پر بھی آپ کی PHI کی حفاظت کرنا لازم ہو گا۔

محکمہ صحت نیو یارک سٹی کوئی بھی ذاتی معلومات ہٹا سکتا ہے تاکہ آپ کی PHI کو آپ کی شناخت ظاہر کیے بغیر نگہداشت صحت اور خدمات کا مطالعہ کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

<u>اپوائنٹمنٹ کی یاد دہانیاں</u>
NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کو اپوائنٹمنٹ کی یاد دہانی ارسال کرنے کے لیے استعمال اور شیئر کر سکتا ہے۔ یہ یاد دہانیاں آپ کے نگہداشت صحت کے لیے آمد کا مقصد ظاہر نہیں کریں گی۔

<u>وفاقی، ریاستی اور شہری تقاضے</u>
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو اس وقت شیئر کرے گا جب کسی وفاقی، ریاستی یا شہری قانون، اصول یا ضابطے کے تحت ایسا کرنا ضروری ہو۔

<u>عوامی صحت کی سرگرمیاں</u>
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو کسی بھی ایسی پبلک ہیلتھ ایجنسی کے ساتھ شیئر کر سکتا ہے جو صحت عامہ کی نگرانی یا بیماری، چوٹ یا معذوری کو روکنے **یا** کنٹرول کرنے کے لیے قانونی طور پر PHI وصول کر سکتی ہے۔ اس میں بیماری، پیدائش اور موت کی رپورٹس شامل ہیں۔

بچوں کے ساتھ بدسلوکی
NYC محکمہ صحت آپ کی PHI گورنمنٹ کے کسی بھی ایسے بااختیار ادارے یا فرد کے ساتھ شیئر کر سکتا ہے جو بچوں کے ساتھ بد سلوکی کی رپورٹیں قانونی طور پر وصول کر سکتے ہوں۔

نگہداشت صحت اور خدمات کے لیے حوالہ جات: آپ کی رضامندی سے، جب ہم آپ کو کسی نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے پاس بھیجتے ہیں، تو ہم آپ کو دیکھ بھال یا خدمات فراہم کرنے کے لیے اس نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے سامنے آپ کی PHI کا انکشاف کریں گے۔

صحت کی نگرانی
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو کسی بھی ایسی ہیلتھ اوورسائٹ ایجنسی کے ساتھ قانونی سرگرمیوں (جیسے آڈٹ، تحقیقات، معائنے اور لائسنس) کے لیے شیئر کر سکتا ہے جو نگہداشت صحت کے نظام، سرکاری مراعات کے پروگراموں، دیگر سرکاری ریگولیٹری پروگراموں یا شہری حقوق کے قوانین کی نگرانی کرتی ہیں۔

فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن
NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کسی بھی ایسے فرد یا کمپنی کے ساتھ شیئر کر سکتا ہے جن سے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) درج ذیل کا تقاضہ کرتا ہو:

- مصنوعات کے نقص، منفی ردِ عمل یا مسائل کی رپورٹ کریں
- مصنوعات میں بائیولوجیکل تبدیلیوں کی رپورٹ کریں
- مصنوعات کی نگرانی کریں
- مصنوعات واپس لیں
- مرمت یا تبدیل کر کے دیں
- مارکیٹ میں لانے کے بعد نگرانی کریں

قانونی کارروائی
اگر آپ کسی مقدمے یا دیگر قانونی کارروائی میں شامل ہیں تو محکمہ صحت نیو یارک سٹی ایک درست عدالت یا انتظامی حکم کے جواب میں آپ کی PHI کا اشتراک کر سکتا ہے۔ ہم کارروائی میں کسی اور کی طرف سے ایک درست سمن، انکشاف کی درخواست یا دیگر قانونی عمل کے جواب میں بھی آپ کی PHI کا اشتراک کر سکتے ہیں، صرف اس صورت میں جب درخواست کے بارے میں آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہو یا آپ کی PHI کو قانونی کارروائی کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے استعمال یا افشاء کرنے سے روکنے کے لیے اور قانونی کارروائی کے اختتام پر آپ کی PHI کی واپسی یا تلفی کا مطالبہ کرنے کے لیے ایک حفاظتی حکم نامہ حاصل کیا گیا ہو۔

قانون نافذ کرنے والے ادارے
قانون نافذ کرنے والے افسران کی جانب سے پوچھے جانے پر NYC محکمہ صحت آپ کی PHI شیئر سکتا ہے:

- کسی بھی عدالتی حکم، سمن، وارنٹ یا اسی طرح کے عمل کے جواب میں
- کسی مشتبہ، مفرور، گواہ یا لاپتہ شخص کی شناخت یا تلاش کے لیے
- کسی جرم کا سامنا کرنے والے کسی فرد کے متعلق جاننے کے لیے اگر ہم اس فرد کی اجازت حاصل نہ کر پا رہے ہوں
- کسی ایسی موت کے متعلق جاننے کے لیے جس کے بارے میں ہمارا ماننا ہو کہ شاید کسی جرم کے باعث واقع ہوئی ہے
- کسی ایسے جرم کے متعلق جاننے کے لیے جو ہمارے کلینکس میں سے کسی میں واقع ہوا ہو
- کسی ایمرجنسی میں، کسی جرم کی رپورٹ کرنے یا جاننے کے لیے:
  - کوئی جرم کہاں واقع ہوا یا جن لوگوں کو کسی جرم کا سامنا ہوا وہ کہاں پائے جا سکتے ہیں
  - ایک جرم کا ارتکاب کس نے کیا یا ان کو کہاں پر تلاش کیا جا سکتا ہے

کورونرز، فیونرل ڈائریکٹرز، اور اعضاء کے عطیات
NYC محکمہ صحت کسی کورونر یا طبی معائنہ کنندہ سے PHI شیئر کر سکتا ہے کسی فوت شدہ فرد کی شناخت کرنے یا یہ جاننے کے لیے کہ کسی فرد کی موت کیسے واقع ہوئی۔ ہم فیونرل ڈائریکٹرز کو ان کا کام کرنے میں معاونت کے لیے بھی ان پر PHI ظاہر کر سکتے ہیں، جیسا کے قانون اجازت دیتا ہے۔ PHI اعضاء کا عطیہ کرنے کے لیے بھی استعمال اور شیئر کی جا سکتی ہے۔

تحقیق
کچھ مواقع پر، NYC محکمہ صحت تحقیق کرنے کے لیے آپ کی PHI استعمال اور شیئر کر سکتا ہے۔ تحقیق کو پہلے محکمہ صحت نیو یارک سٹی کے ادارہ جاتی جائزہ بورڈ سے منظور ہونا چاہیے اور تمام متعلقہ قوانین، اصولوں اور ضوابط کی پیروی کرنی چاہیے۔

والدین کی رسائی
کچھ ریاستی قوانین وضاحت کرتے ہیں کہ والدین اور قانونی سرپرستوں کے ساتھ کون سی PHI شیئر کی جا سکتی ہیں۔ NYC محکمہ صحت تمام متعلقہ قوانین پر عمل کرے گا۔

کارکنان کا معاوضہ
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو کارکنوں کے معاوضہ کے قوانین یا اسی طرح کے پروگراموں کی تعمیل کے لیے شیئر کر سکتا ہے جو کام سے متعلق چوٹوں یا بیماریوں کے لیے فوائد فراہم کرتے ہیں۔

مجرمانہ سرگرمی
کچھ وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت، محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کا اشتراک کر سکتا ہے اگر ہمیں یقین ہو کہ اس کا استعمال یا اشتراک عوام یا کسی شخص کی صحت یا حفاظت کے لیے ایک سنگین اور فوری خطرے کو روکے گا یا کم کرے گا۔ اگر قانون نافذ کرنے والے حکام کو کسی کو شناخت کرنے یا گرفتار کرنے میں مدد کے لیے ضروری ہو تو ہم آپ کی PHI کو بھی ظاہر کر سکتے ہیں۔

قیدی افراد
محکمہ صحت نیو یارک سٹی قیدیوں کی PHI کو ان کی اصلاحی سہولت یا اس کے عملے کے ساتھ شیئر کر سکتا ہے، اگر ان کی یا دوسروں کی صحت اور حفاظت کے لیے ضروری ہو۔

فوجی سرگرمی اور سابق فوجی
اگر آپ مسلح افواج کے رکن ہیں تو، محکمہ صحت نیو یارک سٹی فوجی کمانڈ حکام کے مطالبے پر آپ کی PHI کا اشتراک کر سکتا ہے۔ ہم غیر ملکی فوجی اہلکاروں کے متعلق PHI کو متعلقہ غیر ملکی فوجی حکام کے ساتھ بھی شیئر کر سکتے ہیں۔

قومی سلامتی اور انٹیلی جنس
محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کو مجاز وفاقی حکام کے ساتھ انٹیلی جنس، کاؤنٹر انٹیلیجنس اور دیگر قومی سلامتی کی سرگرمیوں کے لیے شیئر کر سکتا ہے جیسا کہ قانون کی طرف سے اجازت ہو۔ ہم آپ کی PHI کو وفاقی حکام کے ساتھ بھی شیئر کر سکتے ہیں تاکہ وہ خصوصی تحقیقات کر سکیں یا امریکی صدر، دیگر مجاز افراد یا غیر ملکی سربراہان مملکت کی حفاظت کر سکیں۔

آپ کی نگہداشت صحت میں شامل لوگ
جب تک آپ منظوری نہ دیں، محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی PHI کا استعمال یا اشتراک کسی خاندان کے رکن یا ذاتی نمائندے کو یہ بتانے کے لیے کر سکتا ہے کہ آپ کہاں ہیں اور آپ کی صحت کی حالت کیسی ہے۔ اگر آپ موجود ہیں تو آپ اپنی PHI کے اس استعمال یا اشتراک کی اجازت نہ دینے کے قابل ہوں گے۔ اگر آپ خود فیصلہ کرنے کے قابل نہ ہوں یا کوئی ایمرجنسی صورتِ حال ہو، تو اس صورت میں ہم آپ کی PHI شیئر کر سکتے ہیں، بشرطیکہ ہمیں یقین ہو کہ یہ آپ کے لیے بہترین ہے۔

آپ کی PHI سے متعلق آپ کے حقوق

اگرچہ آپ کا ہیلتھ ریکارڈ محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی ملکیت ہے، لیکن معلومات آپ کی ہیں۔ ذیل میں آپ کی PHI سے متعلق آپ کے حقوق دیے گئے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی درخواست کلینک ڈائریکٹر، ہیلتھ سروسز مینیجر یا ان کے نامزد کردہ نمائندے کو تحریری طور پر جمع کرا سکتے ہیں:

معائنہ اور نقل کا حق: آپ کی PHI کو ایک "مخصوص ریکارڈ سیٹ" (designated record set) میں رکھا جاتا ہے اور اس کا استعمال آپ کی نگہداشت صحت کے متعلق فیصلے کرنے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ مخصوص ریکارڈ سیٹ میں عام طور پر طبی اور بلنگ کی معلومات شامل ہوتی ہے۔ آپ کو اس معلومات کا جائزہ لینے اور اسے حاصل کرنے کا

حق ہے جب تک محکمہ صحت نیو یارک سٹی اسے اپنے پاس رکھتا ہے۔ یہ حق درج ذیل پر لاگو نہیں ہوتا ہے:
- نفسیاتی علاج کے متعلق نوٹس
- وہ معلومات جو کسی دیوانی، فوجداری یا انتظامی کارروائی یا کارروائی میں استعمال ہونے یا ممکنہ طور پر استعمال ہونے کے لیے اکٹھا کی گئی ہو
- وہ PHI جس تک رسائی سے قوانین روکتے ہیں

محکمہ صحت نیو یارک سٹی بعض حالات میں آپ کی صحت کی معلومات کا جائزہ لینے اور وصول کرنے کی آپ کی درخواست کو مسترد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی صحت کی معلومات تک رسائی سے انکار کیا جاتا ہے، تو آپ چیف پرائیویسی آفیسر سے 347-396-6007 یا privacyofficer@health.nyc.gov پر رابطہ کر کے درخواست کر سکتے ہیں کہ انکار پر نظرثانی کی جائے۔

<u>ترمیم کی درخواست کا حق:</u> اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کے بارے میں ہمارے پاس موجود معلومات صحت غلط، یا نامکمل ہے تو آپ ہم سے اس معلومات میں ترمیم (تبدیلی یا اضافہ) کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ آپ کو ترمیم کی درخواست کرنے کا حق ہے جب تک کہ محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی صحت کی معلومات کو اپنے پاس رکھتا ہے۔ محکمہ صحت نیو یارک سٹی آپ کی درخواست کو مسترد کر سکتا ہے اگر یہ تحریری طور پر نہ ہو یا اس میں کوئی معقول وجہ شامل نہ ہو۔ اس کے علاوہ، ہم آپ کی درخواست کو مسترد کر سکتے ہیں اگر آپ ہم سے ایسی معلومات میں ترمیم کرنے کو کہیں جو:
- محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی طرف سے نہیں بنائی گئی تھی، جب تک کہ وہ شخص یا ادارہ جس نے معلومات بنائی تھی، ترمیم نہ کر سکتا ہو
- محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی طرف سے یا اس کے لیے رکھی گئی صحت کی معلومات کا حصہ نہیں ہو
- اس معلومات کا حصہ نہ ہو جس کا آپ کو جائزہ لینے اور حاصل کرنے کی اجازت ہے
- جو درست اور مکمل ہو

<u>خلاف ورزی کا نوٹس وصول کرنے کا حق:</u> اگر آپ کی معلومات کی رازداری یا حفاظت متاثر ہوئی ہے تو محکمہ صحت نیو یارک سٹی کو آپ کو فوری طور پر مطلع کرنا چاہیے۔

<u>انکشافات کے احتساب کا حق:</u> اکاؤنٹنگ آف ڈسکلوژرز ان افراد اور اداروں کی فہرست ہوتی ہے جن کے ساتھ ہم نے آپ کی PHI شیئر کی ہوں۔ اس فہرست میں علاج، ادائیگی یا نگہداشت صحت کے مقاصد کے لیے کیے گئے انکشافات شامل نہیں ہیں جیسا کہ اس نوٹس میں بیان کیا گیا ہے یا کچھ دیگر انکشافات (جیسے کہ وہ انکشافات جو آپ نے ہم سے کرنے کو کہا تھا)۔ آپ کو PHI کے ان ڈسکلوژرز کی فہرست کی اکاؤنٹنگ آف ڈسکلوژرز کا حق حاصل ہے جو آپ کی درخواست کی تاریخ سے چھ سال پہلے تک کیے گئے ہوں۔

<u>پابندیوں کی درخواست کا حق:</u> آپ کو اس PHI پر پابندی (یا حد) کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے جسے ہم آپ کے بارے میں علاج، ادائیگی یا نگہداشت صحت کے مقاصد کے لیے استعمال یا شیئر کرتے ہیں۔ آپ کو اس PHI پر پابندی کی درخواست کا حق بھی حاصل ہے جو ہم آپ کے متعلق کسی ایسے فرد کے ساتھ بانٹتے ہیں جو آپ کی نگہداشت صحت کا یا آپ کی نگہداشت صحت کی ادائیگی کے عمل میں شامل ہو۔ ہمارے لیے آپ کی درخواست سے متفق ہونا لازمی نہیں۔

اگر آپ اپنی ذاتی رقم سے کسی خدمت یا نگہداشت صحت کی شے کی مکمل ادائیگی کرتے ہیں تو آپ ہم سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی معلومات کو آپ کے صحت بیمہ فراہم کنندہ کے ساتھ ادائیگی یا نگہداشت صحت کے مقاصد کے لیے نہ بانٹا جائے۔ ہم آپ کی بات کو مانیں گے ماسوائے یہ کہ اس معلومات کو بانٹا جانا قانونی تقاضے کے تحت درکار ہو۔

<u>رازدارانہ مواصلات کی درخواست کا حق:</u> آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کی رازداری کے تحفظ کے لیے آپ سے متبادل ذرائع استعمال کر کے یا کسی متبادل مقام پر رابطہ کریں۔ مثال کے طور پر آپ ہم سے درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم آپ سے ڈاک کے ذریعے یا آپ کے دفتری پتے پر رابطہ کریں۔ آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم آپ کو معلومات ڈاک میں ایک پوسٹ کارڈ کے بجائے ایک بند لفافے میں ارسال کریں۔

اگر آپ پسند کرتے ہیں کہ ہم آپ سے خفیہ طور پر رابطہ کریں تو کلینک ڈائریکٹر یا ان کے/کی نامزد شدہ نمائندہ کو ایک تحریری درخواست بھیجیں۔ آپ کی درخواست یہ لازمی طور پر بتائے کہ آپ کس طرح یا کہاں پر رابطہ کیا جانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ ایک سے زائد کلینک پر خدمات حاصل کرتے ہیں تو آپ کو ہر کسی کے لیے ایک درخواست بھیجنی ہو گی۔

آپ کی طرف سے کام کرنے کے لیے کسی کو منتخب کرنے کا حق: اگر آپ نے کسی کو طبی معاملات کے لیے مختار نامہ (کسی کو یہ اختیار ہونا کہ اگر آپ اپنی نگہداشت صحت کے فیصلے کرنے کے قابل نہیں ہوں تو وہ آپ کی جگہ پر یہ فیصلے کریں) جاری کیا ہوا ہے یا اگر کوئی آپ کے قانونی سرپرست ہیں، تو وہ آپ کی جگہ پر آپ کی PHI کے متعلق فیصلے کر سکتے ہیں۔

اس نوٹس کی ایک کاپی حاصل کرنے کا حق: آپ کسی بھی وقت اس نوٹس کی ایک کاغذی نقل کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کلینک ڈائریکٹر یا ہیلتھ سروسز مینیجر یا چیف پرائیویسی آفیسر سے 347-396-6007 پر یا privacyofficer@health.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

PHI کے استعمال کے لیے اجازت دہندگی
HIPAA ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ درج ذیل مقاصد کے لیے آپ کی PHI استعمال کرنے یا شیئر کرنے کے لیے آپ کی تحریری اجازت حاصل کریں:
- مارکیٹنگ کے مقاصد
- آپ کی معلومات کی فروخت (یہ محکمہ صحت نیو یارک سٹی کی پالیسی ہے کہ آپ کی PHI فروخت **نہ** کی جائے)
- نفسیاتی علاج (Psychotherapy) کے متعلق نوٹس کے بیشتر انکشافات

جن وجوہات کا یہ نوٹس احاطہ نہیں کرتا یا جن قوانین کا ہم پر اطلاق نہیں ہوتا، ان کے لیے آپ کی PHI استعمال کرنے یا شیئر کرنے کے لیے NYC محکمہ صحت آپ کی تحریری اجازت کی درخواست کرے گا۔ اگر آپ ہم کو اپنی PHI استعمال کرنے یا شیئر کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو آپ کسی بھی وقت اس اجازت کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ منسوخ کرتے ہیں تو NYC محکمہ صحت اس کے بعد سے آپ کے تحریری اجازت نامے میں لکھے گئے مقاصد کے لیے آپ کی PHI کو استعمال نہیں کرے گا یا شیئر نہیں کرے گا۔ ہم آپ کی اجازت سے پہلے ہی کیے گئے کسی بھی انکشاف کو واپس نہیں لے سکتے جسے محفوظ رکھنا ہماری قانونی ذمہ داری ہے۔

اس نوٹس میں تبدیلیاں
ہم اپنی رازداری کے طریقہ کار اور اس نوٹس میں تبدیلی لا سکتے ہیں۔ ہم اس نوٹس میں کسی تبدیلیوں کو کسی ایسی PHI پر بھی لاگو کر سکتے ہیں جو ہمارے پاس پہلے سے موجود ہیں اور ان معلومات پر بھی جو ہمیں مستقبل میں موصول ہو سکتی ہیں۔

ہم اپنے موجودہ نوٹس کی ایک نقل اپنے تمام کلینکس پر آویزاں کریں گے۔ مؤثر تاریخ (جب نوٹس کا استعمال شروع ہوا) پہلے صفحے کے اوپری مرکز میں اور نوٹس کے آخری صفحے کے نیچے دائیں جانب درج کی جائے گی۔ مزید، موجودہ نوٹس کی ایک نقل ہر اس موقع پر آپ کو فراہم کی جائے گی جب اس میں کوئی نئی تبدیلی کی جائے گی۔ آپ کسی بھی وقت ہمارے نوٹس کی ایک کاپی کی درخواست بھی کر سکتے ہیں اور on.nyc.gov/privacy-practices پر جا کر تازہ ترین نوٹس دیکھ سکتے ہیں۔

شکایات
اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کی رازداری کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو آپ محکمہ صحت نیو یارک سٹی کے چیف پرائیویسی آفیسر یا امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کے سیکرٹری کو نیچے دیے گئے پتوں پر تحریری شکایت بھیج سکتے ہیں۔ شکایت بھیجنے پر کوئی جرمانہ نہیں ہے:
- اپنی شکایت privacyofficer@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔
- اپنی شکایت اس پتے پر ڈاک سے بھیجیں:
  - NYC نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کے چیف پرائیویسی آفیسر بمقام گاتھم سنٹر 42-09 28th Street, 14th Floor, CN-30, Long Island City, NY 11101
- اپنی شکایت براہ راست امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات، شہری حقوق کے دفتر (Office for Civil Rights, OCR) میں درج کروائیں:
  - اپنی شکایت تحریری طور پر ڈاک، فیکس، ای میل، یا الیکٹرانک طور پر OCR کمپلینٹ پورٹل کے ذریعے فائل کریں۔

مؤثر 24 اپریل، 2025

رازداری کے طرز عمل کے نوٹس کی وصولی کی تصدیق

اس فارم پر دستخط کر کے اور تاریخ درج کر کے، میں یہ تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کے رازداری کے طرز عمل کے نوٹس کی ایک نقل موصول ہوئی ہے۔

مریض کا نام (براہِ مہربانی واضح درج کریں)	
مریض کے دستخط	تاریخ

اگر آپ ایک ذاتی نمائندہ ہیں جو کہ مریض کی جگہ یہ فارم پر کر رہے ہیں تو ذیل میں اپنا نام جلی حروف میں لکھیں۔

ذاتی نمائندے کا نام (براہِ مہربانی جلی حروف میں درج کریں)	
ذاتی نمائندے کے دستخط	تاریخ

For Official Use Only
Patient refused to sign □ Patient was unable to sign □ NYC Health Department employee initials: Date: